القرآن المجید مع ترجمہ فارسی

567

نامعلوم الاسم

سائز : ۲۲ × ۳۰ سطور : ۲۶

اوراق : ۱۷۴ خط : نسخ

موضوع : قرآن شریف زبان : عربی

حالت : مجلد - کتاب کا معیار متوسط

آغاز : (۱) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ الٓمٓ ، ذالک الکتاب لاریب فیہ ۔

(۲) امیّون لا یعلمون الکتاب الّا امانی وان ھم الا یظنّون ۔

اختتام : (۱) یعلم ما یسرّون وما یعلنون ومنھم ۔

(۲) الیس ذالک بقادرٍ ۔

نوٹ : قرآن مجید کے اوراق کا سائز دیکھنے سے اس کے اوراق کی طوالت وعرض کا علم ہوجاتا ہے ۔ قرآن کا صفحہ اول قلمی نہیں ہے ۔ مطبوعہ رکھا ہوا ہے ۔

(۱) قرآن مجید سورۃ البقرہ کی ابتدا سے آٹھ صفحے تک " یعلم ما یسرّون وما یعلنون ومنھم " تک کسی کاتب کا عمدہ خط وکتابت میں مرقوم ہے ۔ بعد ازاں دوسرے کاتب کا لکھا ہوا قرآن کے آخر تک ہے ۔ پہلے کاتب نے وقوف قرآنی اور بعض مقامات پر مدّ کے نشان کو سرخ روشنائی سے لکھا ہے ۔

(۲) دوسرے کاتب نے ابتدا سے سورۃ القیامۃ تک قرآن کے تمام الفاظ کو خوب جلی قلم سے اور باہم کلمات کو ممتاز کرنے کے لئے ہر دو لفظوں کے درمیان فاصلہ رکھا ہے۔

کاتب نے سرخ روشنائی سے بین السطور میں بزبان فارسی ترجمہ لکھا ہے۔ یہ ترجمہ لفظی ہے۔ ترجمہ بھی ایک لفظ اور دوسرے لفظ کا فاصلہ کے ذریعے ممتاز کردیا گیا ہے۔

کاتب نے وقوف قرآنی رکوع کی ع، ربع، ثلثہ اکثر مقامات پر مد کی علامت ~، حواشی، ہر پارے کا نام سبز روشنائی سے لکھا ہے۔

کاتب نے عام طور سے ہر صفحہ پر ایک چھوٹا سا پھول بنایا ہے۔

(۳) "سورۃ الدہر" سے پہلے کاتب کی کتابت ہے جس کی ابتدا "علی ان یحیی الموتی - ھل اتی علی الانسان" اور اختتام "یوسوس فی صدور الناس من الجنۃ والناس" ہے۔ یہاں پر ابتدائی حصے کی پیروی کی گئی ہے یعنی وقوف قرآنی وغیرہ کو سرخ روشنائی سے لکھا ہے اور ترجمہ تحریر نہیں کیا گیا ہے۔

یہ کاتب "سورۃ" لفظ لکھنے کے بعد "الاخلاص" لکھنا بھول گئے ہیں۔

آخری سورت کے بعد "نصر من اللہ وفتح قریب" مندرج ہے۔